اسمٰعیل میرٹھی

(1844-1917)

محمد اسمٰعیل میرٹھی کی پیدائش میرٹھ میں ہوئی۔ اُنھیں بچپن سے پڑھنے لکھنے کا شوق تھا۔ اپنے شوق اور محنت سے اُنھوں نے بڑی ترقّی کی۔ کم عمری میں ملازم ہوگئے۔ علم وادب کی دنیا میں نام پیدا کیا۔

اردو اور فارسی کے اُستاد کی حیثیت سے انھوں نے بچّوں کی نفسیات، ذوق وشوق، دل چسپی، پسند اور ناپسند کا خیال رکھتے ہوئے نظمیں لکھیں اور اردو کی درسی کتابیں تیار کیں۔ یہ کتابیں ہر زمانے میں مقبول ہوئیں اور آج بھی شوق سے پڑھی جاتی ہیں۔

اسمٰعیل میرٹھی نے ان کتابوں میں آسان اور سادہ زبان استعمال کی ہے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں سے بڑے نتائج پیدا کرنا اسمٰعیل میرٹھی کا خاص انداز ہے۔ بلاشبہ وہ آج بھی بچّوں کے پسندیدہ اور اہم شاعر ہیں۔

© NCERT not to be republished

4924CH04

ایک بچّہ اور جُگنو کی باتیں

سناؤں تمھیں بات اِک رات کی — کہ وہ رات اندھیری تھی برسات کی
چمکنے سے جگنو کے تھا اِک سماں — ہَوا پر اُڑیں جیسے چِنگاریاں
پڑی ایک بچّے کی اُن پر نظر — پکڑ ہی لیا ایک کو دوڑ کر
چمک دار کیڑا جو بھایا اُسے — تو ٹوپی میں جَھٹ پَٹ چُھپایا اُسے
وہ جَھم جَھم چمکتا اِدھر سے اُدھر — پِھرا، کوئی رستہ نہ پایا مگر
تو غمگین قیدی نے کی اِلتجا — کہ چھوٹے شکاری! مجھے کر رِہا

© NCERT not to be republished

جگنو

خدا کے لیے چھوڑ دے چھوڑ دے — مِری قید کے جال کو توڑ دے

بچّہ

کروں گا نہ آزاد اُس وقت تک — کہ میں دیکھ لوں دن میں تیری چمک

جگنو

چمک میری دن میں نہ دیکھو گے تم — اُجالے میں ہو جائے گی وہ تو گُم

بچّہ

ارے چھوٹے کیڑے نہ دے دَم مجھے — کہ ہے واقفیت ابھی کم مجھے
اُجالے میں دن کے کھُلے گا یہ حال — کہ اتنے سے کیڑے میں ہے کیا کمال
دھواں ہے نہ شعلہ نہ گرمی نہ آنچ — چمکنے کی تیری کروں گا میں جانچ

جگنو

یہ قدرت کی کاری گری ہے جناب — کہ ذرّے کو چمکائے جوں آفتاب
مجھے دی ہے اِس واسطے یہ چمک — کہ تم دیکھ کر مجھ کو جاؤ ٹھِٹھک
نہ الّھڑ پنے سے کرو پائمال — سنبھل کر چلو آدمی کی سی چال

(اسمٰعیل میرٹھی)

مشق

i۔ معنی یاد کیجیے

سماں	:	منظر
غمگین	:	اُداس
اِلتجا	:	درخواست، گذارش
رِہا	:	آزاد
دَم دینا (محاورہ)	:	دھوکا دینا
واقفیت	:	جانکاری
جوں	:	جیسے، جس طرح
کاری گری	:	ہُنر، فن
آفتاب	:	سورج
الّھڑ پن	:	بھولا پن، نادانی
پائمال کرنا	:	روندنا، کُچلنا

ii۔ سوچیے اور بتائیے

1۔ جگنو کے چمکنے سے کیسا سماں تھا؟

2۔ جگنو کو دیکھ کر بچّے نے کیا کیا؟

© NCERT not to be republished

3۔ جگنو نے بچّے سے کیا فریاد کی؟

4۔ بچّہ جگنو کے بارے میں کیا جانچ کرنا چاہتا تھا؟

5۔ جگنو نے بچّے کو کیا صلاح دی؟

© NCERT not to be republished